روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 6/اکتوبر 2008ء 6 شوال 1429 ہجری 6/اخاء 1387 ھش جلد 58-93 نمبر 227

اسمائے حسنٰی کا واسطہ

حضرت عائشہؓ ایک دفعہ یہ دعا کر رہی تھیں کہ اے اللہ! اے رحمان! اے البر الرحیم میں تجھ سے دعا کرتی ہوں اور تجھے تیرے تمام اسمائے حسنٰی کا واسطہ دیتی ہوں جو میرے علم میں ہیں یا میرے علم سے بالا ہیں کہ تو مجھے معاف کر دے اور مجھ پر رحم کر۔

آنحضرت ﷺ نے یہ دعا سنی تو مسکرائے اور فرمایا اسم اعظم انہی اسماء میں سے ایک ہے۔

(سنن ابن ماجہ کتاب الدعاء باب اسم اللّٰہ الاعظم حدیث نمبر 3849)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا ایک رویا اور دعا کی تحریک

اللہ تعالیٰ جماعت احمدیہ اور اس کے امام کو اپنی حفظ و امان میں رکھے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ 3/اکتوبر 2008ء میں فرماتے ہیں۔

میں ایک دعا کی طرف بھی توجہ دلانا چاہتا ہوں، چند دن پہلے میں نے خواب میں دیکھا کہ دشمن کا کوئی منصوبہ ہے، تو میں اس کو حملے سے پہلے ہی بھانپ لیتا ہوں اور اس وقت میں یہ دعا پڑھ رہا ہوں کہ

رب کل شیء خادمك رب فاحفظنی وانصرنی وارحمنی

اور پڑھتے پڑھتے مجھے خیال آتا ہے کہ اپنے سے زیادہ مجھے جماعت کے لئے دعا پڑھنی چاہئے تو اس میں جماعت کو بھی شامل کروں۔ تو اس حوالے سے میں آپ کو بھی تحریک کرنا چاہتا ہوں کہ احباب جماعت بھی اپنی دعاؤں میں اس دعا کو بھی ضرور شامل کریں، اللہ تعالیٰ ہر شر سے ہر ایک کو بچائے، اور جماعت کی حفاظت فرمائے۔

دعا کی برکات کے متعلق ارشادات عالیہ

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

سب مقاصد جو ہم حاصل کرنا چاہتے ہیں صرف دعا کے ذریعہ سے حاصل ہو سکیں گے۔ دعا میں بڑی قوتیں ہیں۔

کہتے ہیں کہ ایک دفعہ ایک بادشاہ ایک ملک پر چڑھائی کرنے کے واسطے نکلا۔ راستہ میں ایک فقیر نے اس کے گھوڑے کی باگ پکڑ لی اور کہا کہ تم آگے مت بڑھو ورنہ میں تمہارے ساتھ لڑائی کروں گا۔ بادشاہ حیران ہوا اور اس سے پوچھا کہ تو ایک بے سرو سامان فقیر ہے تو کس طرح میرے ساتھ لڑائی کرے گا؟ فقیر نے جواب دیا کہ میں صبح کی دعاؤں کے ہتھیار سے تمہارے مقابلہ میں جنگ کروں گا۔ بادشاہ نے کہا میں اس کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ یہ کہہ کر وہ واپس چلا گیا۔

غرض دعا میں خدا تعالیٰ نے بڑی قوتیں رکھی ہیں۔ خدا تعالیٰ نے مجھے بار بار بذریعہ الہامات کے یہی فرمایا ہے کہ جو کچھ ہوگا دعا ہی کے ذریعہ سے ہوگا۔ ہمارا ہتھیار تو دعا ہی ہے اور اس کے سوائے اور کوئی ہتھیار میرے پاس نہیں۔ جو کچھ ہم پوشیدہ مانگتے ہیں خدا تعالیٰ اس کو ظاہر کر کے دکھا دیتا ہے۔ (۔) ہمارے نزدیک دعا سے بڑھ کر اور کوئی تیز ہتھیار ہی نہیں۔

(ملفوظات جلد پنجم ص 36)

نمایاں کامیابی

مکرم ڈاکٹر عبدالرفیق سمیع صاحب ماہر امراض جلد لاہور لکھتے ہیں۔

میرے بڑے بیٹے مکرم شہزاد احمد سمیع صاحب نے امسال لاہور گرائمر سکول جوہر ٹاؤن برانچ سے اولیول کیمبرج کا امتحان 12 مضامین میں دیا تھا اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے امتیازی نمبروں میں 12 Straight As لے کر سکول میں اول پوزیشن حاصل کی ہے مزید یہ کہ اے لیول کیلئے مذکورہ سکول میں فل سکالرشپ حاصل کیا ہے۔ مکرم شہزاد احمد سمیع صاحب مکرم ڈاکٹر عبدالسمیع صاحب داماد حضرت مولانا ابوالعطاء صاحب جالندھری کے پوتے اور مکرم ڈاکٹر نصیر احمد صاحب گلشن راوی لاہور کے نواسے ہیں احباب جماعت کی خدمت میں درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ عزیز کی اس کامیابی کو آئندہ کامیابیاں کا پیش خیمہ بنائے۔ اعلیٰ ترین دینی و دنیاوی ترقیات عطا فرمائے اور نافع الناس وجود بنائے۔ آمین

ضرورت اساتذہ

مجلس نصرت جہاں کو اپنے سکولوں کیلئے اساتذہ کی ضرورت ہے۔ ایم اے اسلامیات اور ایم اے عربی کرنے والے احباب درخواست دے سکتے ہیں۔ اگر کوالیفائیڈ (بی ایڈ' ایم ایڈ) ہوں تو زیادہ مناسب ہوگا خدمت کا جذبہ رکھنے والے مخلصین اپنے کوائف درج ذیل ایڈریس پر بھجوا کر ممنون فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس نصرت جہاں بیت الاظہار احاطہ صدر انجمن احمدیہ ربوہ پاکستان

فون نمبر: 047-6212967

ای میل majlis.nusrat.jahan@gmail.com

(سیکرٹری مجلس نصرت جہاں ربوہ)

درخواست دعا

☆ خدا تعالیٰ کی راہ میں قید کئے جانے والے مختلف احباب جماعت کی باعزت رہائی کیلئے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان اسیران راہ مولیٰ کو اپنی حفظ و امان میں رکھے اور ان کو ہر قسم کی پریشانی سے بچائے۔ آمین

حضور انور ایدہ اللہ کا درس القرآن اور اختتامی دعا

قرآن کریم کی آخری تین سورتوں کی پر معارف تفسیر اور فضائل کا بیان

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ یکم اکتوبر 2008ء بمطابق 30 رمضان المبارک 1429 ہجری کو بیت الفضل لندن میں درس القرآن ارشاد فرمایا اور اختتامی دعا کروائی۔ حضور انور پاکستانی وقت کے مطابق ساڑھے پانچ بجے شام بیت الفضل میں رونق افروز ہوئے۔ درس کے آغاز میں فرمایا کہ آخری تین سورتوں کا درس ہوگا۔ یہ وقت پاکستان کے لئے چنا گیا تھا۔ مگر وہاں تو آج عید ہے اس کے بعد حضور انور نے سورۃ اخلاص سورہ الفلق اور سورہ الناس کی تلاوت فرمائی اور ترجمہ بیان فرمایا۔

حضور انور نے درس کے دوران قرآن کریم کی آخری تین سورتوں کے فضائل و مضامین کا ذکر فرمایا کہ آنحضرت ﷺ روزانہ رات کو سونے سے قبل ان سورتوں کی تلاوت کر کے ہتھیلیوں پر پھونک کر سارے جسم پر ملتے تھے اور فرماتے تھے کہ گھر میں داخل ہوتے وقت ان تین سورتوں کی تلاوت کرنے سے تنگی دور ہوگی سورۃ اخلاص کے متعلق فرمایا کہ یہ ثلث قرآن ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ سورۃ فاتحہ آغاز میں قرآن کا خلاصہ ہے اور یہ تین سورتیں آخر میں قرآن کا خلاصہ ہیں اس کے بعد حضور انور نے سورۃ فاتحہ اور ان تینوں سورتوں کے مضامین کا پر معارف بیان فرمایا اور ان کے آپس کے تعلق اور مضامین کے باہمی اشتراک کی عارفانہ تفسیر بیان فرمائی۔

حضور انور نے ان سورتوں کی الگ الگ تفاسیر بھی بیان فرمائیں' فرمایا سورۃ اخلاص میں توحید کا بیان ہے۔ شرکت چار چیزوں میں ہوتی ہے عدد میں' مرتبہ میں' نسل میں اور فعل میں' سورہ اخلاص میں ان چاروں کے لحاظ سے توحید کا بیان ہے۔ اس سورہ میں چاروں شرکتوں سے خدا تعالیٰ کا پاک ہونا بتا دیا ہے۔ وہ پاک ہے منزہ ہے اور وحدہ لاشریک ہے۔ دوسرا اس سورۃ میں خدا کی عظمت' بزرگی اور صفات کے بیان کا مقصد محبت پیدا کرنا ہے۔ عظمت اور کمال کا بیان کر کے اس کی محبت پیدا کی گئی ہے۔

سورۃ فلق کی تفسیر میں لفظ فلق کے مختلف مطالب بیان کرنے کے بعد فرمایا کہ اس میں مختلف حوادث' ضلالت اور تاریکی سے پناہ مانگنے کا ذکر ہے۔ اس سورۃ میں کمال کے حصول اور کمال کے بعد زوال سے بچنے کی دعا سکھائی گئی ہے۔ جنگوں سے پناہ مانگنے کیلئے دعا سکھائی گئی ہے۔ زمانے کے امام کے انکار سے بچنے کیلئے دعا سکھائی گئی ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ پیدائش' موت اور زندگی کے جو نقصان پہنچ سکتے ہیں ان سے بچنے کیلئے دعا سکھائی گئی ہے۔ نیز امام کی نافرمانی کر کے حاسدین کے گروہ میں شمار ہونے کی بجائے اس کے معاونین میں شامل ہونے کیلئے توجہ دلائی گئی ہے۔

حضور انور نے سورۃ الناس کی تفسیر کرتے ہوئے فرمایا کہ شریر کی شرارت سے بچنے کیلئے اس میں دعا سکھائی گئی ہے کہ ہمیشہ رب کی پناہ میں رہنا چاہئے۔ ورنہ ظاہری بادشاہ بھی نقصان پہنچا رہے ہوتے ہیں اور دوسرے گروہ بھی اور بعض دفعہ مذہبی راہنما بھی اچھی باتوں کے ساتھ ساتھ بری باتوں کی تعلیم دے دیتے ہیں۔ اس لئے کامل خیر صرف اللہ سے وابستہ ہے اور ہر قسم کے گمراہی اور نقصان سے بچاؤ خدا تعالیٰ سے وابستگی میں ہے۔ ساتھ ہی اس سورۃ میں تمام بدیوں کے پھیلانے والوں کے ہر قسم کے حملوں سے محفوظ رہنے کیلئے دعا سکھائی گئی ہے۔ اسی طرح آسمانی اور زمینی آفات سے بچنے کیلئے خدا کی پناہ میں آنے کی طرف توجہ دلائی گئی ہے۔

حضور انور نے دعاؤں کی تحریک کرتے ہوئے فرمایا۔ کہ آنحضرت ﷺ اور آل محمد ﷺ' حضرت مسیح موعود اور آپ کے خاندان' صلحاء' مومنین' نظام جماعت' واقفین نو' واقفین زندگی' کارکنان' دجال کے فتنے سے بچنے' اشاعت احمدیت' شہداء اور ان کے پسماندگان' اسیران راہ مولیٰ' مختلف مسائل میں دوچار افراد' انسانیت کی اقتصادی مصیبت سے نجات' عائلی جھگڑوں سے نجات' بیوگان' یتامیٰ اور بچیوں کے رشتوں کے مسائل' بے اولاد لوگوں' طلباء' بے روزگاروں' مقدمات میں گرفتار لوگوں' کاروبار کرنے والوں' درویشان قادیان اور ان کی اولادوں' اہالیان ربوہ' ربوہ کی رونقوں کی بحالی' جماعت کے دور ابتلاء کے جلد ختم ہونے' وقف جدید و تحریک جدید کے چندہ کی مکمل ادائیگی کرنے والوں' ایم ٹی اے کے کارکنان اور عرب لوگوں کے جلد احمدیت کو قبول کرنے کیلئے دعائیں کریں حضور انور نے اس کے بعد بعض عربی دعائیں پڑھیں اور آخر پر دعا کروائی۔ دعا کے ساتھ یہ درس القرآن کی بابرکت تقریب اختتام پذیر ہوئی۔

...... سو سال پہلے ......

دُنیا کے کاروبار کی فرصت نہ ہو سکی
دل اس سے جب ملا تو فراغت نہ ہو سکی

دیکھا جو حسنِ یارِ ازل ہوش اُڑ گئے
اس جگ میں پھر کسی سے محبت نہ ہو سکی

لطفِ مزید کی نہ گئیں دل سے حسرتیں
اس در پہ جا کے ہم سے قناعت نہ ہو سکی

نادم ہوں شرمسار ہوں شکووں گلوں پہ میں
کم ظرف ہوں سو مجھ سے مروّت نہ ہو سکی

کیا کیا نہ ہم کو یاد تھے نکتے نئے نئے
جب سامنا ہوا تو جسارت نہ ہو سکی

سوچے جو اپنے عیب زباں بند ہو گئی
ہم سے کسی بشر کی مذمت نہ ہو سکی

لہجہ تھا ناصحوں کا زہر میں بجھا ہوا
سو کارگر کوئی بھی نصیحت نہ ہو سکی

ہم بے ہنر کسی کو بھی حیراں نہ کر سکے
افسوس ہم سے کوئی کرامت نہ ہو سکی

بس اک قدم اٹھا کے انا کو تھا روندنا
تا عمر ہم سے طے یہ مسافت نہ ہو سکی

ماتھا تو ٹیکتے رہے ہر صبح و شام ہم
پر سچ تو یہ ہے ہم سے عبادت نہ ہو سکی

عرشیؔ ہوا ہُوا مرا شوق مکالمہ
لب یوں سلے کہ مجھ سے خطابت نہ ہو سکی

ارشاد عرشی ملک

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت-/5 روپے

کچھ یادیں۔ کچھ باتیں، ایک خادم خلق وجود کی

محترم میاں محمد صدیق بانی صاحب کا ذکر خیر

مکرم شریف احمد بانی صاحب۔ کراچی

حضرت مصلح موعود نے جلسہ سالانہ قادیان کے موقعہ پر 26 دسمبر 1935ء کو تحریک جدید کے بارہ میں خطاب کرتے ہوئے فرمایا:۔

''احباب کو تحریک جدید میں حصہ لینے کی نصیحت کرتا ہوں۔ یہ نفلی چندہ ہے اور ہر شخص کی مرضی پر منحصر ہے۔ پس جو دے سکتا ہے دے اور اپنے ایمان کی خاطر دے۔ مجھ پر اس کا کوئی احسان نہیں۔ میں تو وہ انسان ہوں کہ بچپن میں اپنی ذاتی ضرورت کے لئے میں نے کبھی حضرت مسیح موعود سے بھی کچھ نہیں مانگا۔ مجھے جب کوئی ضرورت پیش آتی میں خاموش ہو جایا کرتا۔ حضرت مسیح موعود سمجھ جاتے کہ اسے کوئی ضرورت ہے۔ چنانچہ آپ ہماری والدہ صاحبہ سے کہتے کہ اس کو کوئی ضرورت معلوم ہوتی ہے۔ پتہ لو، یہ کیا چاہتا ہے۔ پس جن سے مانگنے کا مجھے حق تھا۔ میں نے تو ان سے بھی کبھی نہیں مانگا۔ کجا یہ کہ آپ لوگوں سے اپنے لئے مانگوں۔

بعض مخلص احباب مجھ سے اکثر دریافت کرتے رہتے ہیں کہ آپ کے لئے ہم کیا تحفہ لائیں میں خاموش رہتا ہوں اور کچھ نہیں کہتا بعض بار بار پوچھتے ہیں کہ ہم فلاں چیز لانا چاہتے ہیں کیسی لائیں۔ تو بھی میں جواب نہیں دیتا کہ ان پر چٹی پڑ جائے گی تو پوچھنے کے باوجود میں دوستوں کو نہیں بتاتا کہ وہ کیسی چیز لائیں۔

ایک دفعہ ایک دوست میرے پیچھے پڑ گئے کہ میں چاہتا ہوں کہ آپ کی موٹر کے لئے جن چیزوں کی ضرورت ہوا کرے۔ میں مفت مہیا کروں۔ میں نے بہت رد کیا۔ لیکن وہ اپنے اصرار میں بڑھتے گئے۔ آخر ان کے اصرار سے مجبور ہو کر میں نے کہا۔ اچھا میں آپ کو چیزوں کا آرڈر بھجوا دیا کروں گا۔ آپ چاہیں تو مفت دے سکتے ہیں۔ چاہیں تو قیمت وصول کر لیا کریں۔ وہ دوست مجھے موٹر کے متعلق اشیاء مہیا کر دیتے ہیں۔ لیکن باوجود اس کے کہ ان کے شدید اصرار پر میں نے آرڈر بھجوانا منظور کیا تھا اور وہ پھر اپنی طرف سے بطور تحفہ چیزیں بھجوا دیتے ہیں۔ لیکن میرے دل پر اب بھی اس کا بوجھ ہی رہتا ہے اور میں کوشش کرتا ہوں کہ جس قیمت کو وہ روپیہ کی شکل میں نہیں لیتے۔ دعاؤں کی صورت میں ادا کردوں۔ اس کے سوا میری زندگی میں اور کوئی واقعہ نہیں کہ کسی کے کہنے پر بھی میں نے کوئی چیز طلب کی ہو''۔

(انوار العلوم جلد 14 ص 141,140)

ملک صلاح الدین صاحب مؤلف رفقاء احمد نے تحریر فرمایا۔

''خاکسار مؤلف 15/ اپریل 1941ء تک قریباً چار سال حضرت مصلح موعود کی خدمت میں رہا۔ تھوڑا عرصہ اسسٹنٹ پرائیویٹ سیکرٹری اور زیادہ عرصہ پرائیویٹ سیکرٹری۔ اس سارے عرصہ میں دیکھا کہ حضور کی خدمت میں موٹر کے لئے مطلوبہ ٹائر وغیرہ ہمیشہ محترم میاں محمد صدیق صاحب بانی کی طرف سے ہدیۃً کلکتہ سے آتے تھے''۔

(تابعین رفقاء احمد جلد دہم ص 177)

یہ حضرت مصلح موعود کی دعائیں ہی تھیں جن کی بدولت میاں محمد صدیق صاحب بانی پر اللہ تعالیٰ کے بے انتہا فضل ہوئے اور خاکسار اس بات کا عینی شاہد ہے کہ بعض دفعہ انتہائی نامساعد حالات میں اللہ تعالیٰ اس طرح مصیبت سے نکال لیتا تھا جو بظاہر ناممکن معلوم ہوتا تھا اور ایسا ایک دفعہ نہیں ہوا بلکہ بارہا میں نے خود تائید الٰہی کے ایسے نظارے دیکھے ہیں اور میں پورے یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ حضرت مصلح موعود کی قبولیت دعا کا زندہ نشان میاں صاحب کی ساری زندگی ہے۔

تقسیم ملک سے پہلے 1946ء میں کلکتہ میں بڑے ہولناک ہندو مسلم فسادات پھوٹ پڑے۔ ہمارا کاروبار اور رہائش ایسے علاقہ میں تھی۔ جہاں مسلمانوں کی آبادی نہ ہونے کے برابر تھی اور غیر مذاہب والوں کی اکثریت تھی۔ فسادیوں نے ہماری دکان اور مکان کو لوٹنے کے بعد آگ لگا دی۔ ہم جس جگہ پناہ لے کر چھپے ہوئے تھے۔ کسی طرح فسادیوں کو اس جگہ کا بھی پتہ چل گیا اور انہوں نے ہمیں ہر طرف سے گھیرے میں لے لیا اور بظاہر بچنے کا کوئی امکان نظر نہیں آ رہا تھا۔ اس موقع پر اللہ تعالیٰ نے معجزانہ طور پر غیبی امداد بھیج دی اور ہم وہاں سے صحیح و سلامت نکل کر محفوظ جگہ آ گئے۔ اگرچہ جناب والد صاحب زخمی ہوئے۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے جان کی حفاظت فرمائی اور آپ نے لمبی عمر پائی۔

سارا کاروبار اور مکان وغیرہ تباہ ہو چکا تھا اور صرف تن کے لباس کے ساتھ ہم لوگ گھر سے نکلے تھے۔ چونکہ وسیع کاروبار تھا۔ اس لئے کاروبار کے سلسلہ میں لاکھوں روپیہ کا قرض ہمارے ذمہ تھا۔ جس کو ادا کرنا ہماری اخلاقی ذمہ داری تھی۔ جبکہ کاروبار بالکل تباہ ہو چکا تھا۔ جناب والد صاحب نے ہمت نہیں ہاری اور نئے سرے سے معمولی پیمانہ پر دوبارہ کاروبار شروع کیا اور قرض خواہوں کی ایک ایک پائی ادا کر دی۔ میرا ایمان ہے کہ یہ سب اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہوا۔ جو حضرت مصلح موعود کی دعاؤں سے ہم پر نازل ہوا۔

سید نور عالم صاحب ایم اے سابق امیر جماعت احمدیہ کلکتہ نے آپ کے بارہ میں لکھا کہ آپ جماعت احمدیہ کلکتہ کے قدیم ترین احباب میں سے تھے۔ آپ غربا کے سچے دوست اور تکلیف زدہ بیوگان اور یتامیٰ کے ہمدرد اور سہارا تھے اور درویشان قادیان کی خدمت کے لئے ہمہ تن وقف تھے۔ عظیم الشان بیت اقصیٰ ربوہ آپ کی عالی حوصلگی اور دین کے لئے آپ کی جاں نثاری کی درخشاں علامت ہے۔ موجودہ نسل اور آئندہ نسلیں محبت و تعریف کے ساتھ آپ کا ذکر کریں گی۔ انسان کیا ہی عجیب تخلیق ہے۔ اگر وہ اپنی حیات مستعار میں ایسے کارنامے سرانجام دے۔

آپ مزید لکھتے ہیں۔

بانی صاحب مرحوم کی شخصیت کی سب سے نمایاں خصوصیت ان کی جرأت، بے خوفی اور حق گوئی تھی۔ بات کتنی ہی سچی ہو اور کتنی ہی بیباکی سے کیوں نہ کی جائے۔ اگر کہنے کا سلیقہ نہ ہو تو بے اثر ہو جاتی ہے۔ مرحوم کو بات کہنے کا سلیقہ تھا اور یہی وجہ ہے کہ جب وہ کوئی بات کہتے تھے تو وہ سنی جاتی تھی اور اس کا اثر بھی ہوتا تھا۔

ایک بار بانی صاحب مرحوم گرمیوں کے موسم میں قادیان تشریف لے گئے اور چند یوم قیام کر کے واپس کلکتہ آ گئے۔ میں اپنے کمرے میں لیٹا تھا کہ بانی صاحب کے دو فرزند نصیر احمد بانی، شریف احمد بانی کمرے میں داخل ہوئے اور میرے ہاتھ میں ایک پیکٹ دیتے ہوئے کہا کہ ابا جان قادیان سے آپ کے لئے تحفہ لائے ہیں۔ میں نے کھول کر دیکھا تو خشک روٹی کے ٹکڑے اور گڑ تھا۔ بانی صاحب نے روٹیاں لنگر خانہ مسیح موعود سے لی تھیں اور گڑ کسی غریب درویش بھائی سے خریدا تھا۔ ذرا تصور فرمائیے۔ مرحوم کو دیار مسیح سے کس قدر عقیدت تھی کہ آپ سمجھتے تھے کہ ایک احمدی کو حضرت مسیح موعود کے لنگر کی روٹی سے زیادہ قیمتی تحفہ اور کیا دیا جا سکتا ہے۔

قادیان اور درویشان قادیان سے جناب والد صاحب کو کس قدر محبت تھی۔ اس کا تھوڑا سا اندازہ درج ذیل اقتباس سے لگایا جا سکتا ہے۔ جو حضرت مولانا ابوالعطاء صاحب نے اپنے رسالہ الفرقان کے درویشان قادیان نمبر میں تحریر فرمایا۔

خدا تعالیٰ کے فضل سے درویشوں کی ضروریات کا خیال رکھنے کا جذبہ بہت سے مخلصین جماعت میں ہے۔ لیکن مواخات کا حق ادا کرنے کی توفیق اللہ تعالیٰ نے مکرم سیٹھ محمد صدیق صاحب بانی کلکتہ اور ان کی اہلیہ محترمہ زبیدہ بیگم صاحبہ کو عطا فرمائی ہے۔ جو درویشوں کی جملہ ضروریات کا خیال رکھتے ہیں اور درویشوں کے سکون واطمینان کے لئے نت نئے رنگ میں اپنے اموال درویشوں پر بے دریغ خرچ فرماتے رہتے ہیں۔ جن کی تفصیلات تاریخ زمانہ درویشی میں سنہری الفاظ میں لکھی جائیں گی اور آئندہ نسلیں بھی ان کی خدمات کو عزت سے یاد کریں گی۔

دراصل جناب والد صاحب کا یہ ایمان تھا کہ قادیان دارالامان کی آبادی کا سامان کرنا ہر احمدی کی ذمہ داری ہے۔ وہ دیانتداری سے سمجھتے تھے کہ چونکہ تمام احمدی بیرونی دنیا سے آ کر قادیان میں آباد نہیں ہو سکتے۔ اس لئے ہر احمدی کا فرض ہے کہ وہ اپنی استعداد کے مطابق درویشان قادیان کی خدمت کرے اور زندگی بھر وہ اپنی حد تک اس فریضہ کو نہایت احسن رنگ میں نبھانے کی پوری کوشش فرماتے رہے۔

مکرم چوہدری فیض احمد صاحب گجراتی مرحوم قادیان میں ناظر مال تھے۔ انہوں نے اپنے ایک مضمون میں لکھا۔

آج کے مادی دور میں جبکہ حب مال نے دنیا کی اکثریت کے دلوں میں پنجے گاڑ رکھے ہیں۔ اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ محض رضائے الٰہی کی خاطر اموال کو خرچ کرنا بڑے دل گردے کا کام ہے۔ پھر یہ تو ہو سکتا ہے کہ کوئی شخص وقتی ابال کے تحت کوئی کارنمایاں کر گزرے۔ لیکن وہ شخص جس نے نہ صرف خود تادم آخر اپنے عزم کو ہر پہلو سے پُرخلوص رنگ میں نبھایا بلکہ خدا تعالیٰ کی طرف سے بلاوا آنے سے پیشتر اپنے عزم کو اپنے بیوی بچوں کے دلوں میں منتقل کر دیا۔ یقیناً یہ حق رکھتا ہے کہ ہم اس کے لئے درد دل سے دعائیں کریں۔

درویشوں اور ان کے اہل وعیال کے گزارے نہایت قلیل تھے۔ صدر انجمن احمدیہ قادیان بھی اپنے وسائل میں کمی کے باعث قوت لایموت سے زیادہ وظیفے دینے کی پوزیشن میں نہ تھی۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس زمانہ میں بانی صاحب کی سوچوں کا دھارا صرف اس رخ پر بہتا رہا کہ وہ درویشوں کی تکالیف کو کم کرنے کے لئے اپنے خداداد اموال کو کس رنگ میں صرف کر سکتے ہیں۔ چنانچہ ایک کے بعد دوسری اور دوسری کے بعد تیسری تدبیر ان کے ذہن میں آتی چلی گئی اور عملی جامہ پہنانے کے لئے وہ بیتاب ہوتے چلے گئے۔ چنانچہ 1955ء میں جبکہ درویشوں اور ان کے بیوی بچوں کی تعداد چھ سو کے قریب تھی۔ محترم بانی صاحب مرحوم کی طرف سے نئے کپڑوں کا تحفہ پہنچا۔ جو ہر فرد کے لئے ایک ایک جوڑے کی شکل میں تھا۔ اچھی کوالٹی کے کپڑے کے درجنوں تھان امرتسر سے لا کر محلّہ احمدیہ میں تقسیم کئے گئے۔ بلکہ ان کپڑوں کی سلائی کے لئے نقد رقم بھی دی گئی اور پھر سلسلہ بڑھتا چلا گیا۔ نئے کپڑے بھی ہر سال ایک ایک جوڑا ہر فرد کو دیئے جاتے رہے اور سردیوں کے ایام میں رضائیاں بھی تقسیم ہونے لگیں اور عیدین کے موقعہ پر نقد رقم کی شکل میں عیدی بھی دی جاتی رہی۔ اللہ تعالیٰ مزید

قربانی کے لئے ان کے دل کو فراخی بخشتا رہا اور وہ درویشوں سے عملی ہمدردی کے لئے نئی نئی راہیں سوچتے رہے۔ ان نئی نئی راہوں پر غور کرنے سے محسوس ہوتا ہے کہ وہ کس قدر باریک بینی کے ساتھ سوچتے تھے۔ اگر ہر آئٹم کے بارہ میں تفصیل کے ساتھ تحریر کیا جائے تو مضمون بہت لمبا ہو جائے گا۔ اس لئے میں کچھ اشاروں پر ہی اکتفا کروں گا۔ مثلاً

1۔ دوسال سے کم عمر کے ہر بچے کے لئے دودھ کا انتظام

2۔ گرلز سکول کی بچیوں کیلئے یونیفارم کا انتظام

3۔ جوان ہونے والی بچیوں کیلئے برقعوں کا انتظام

4۔ بیماروں کے لئے ادویہ کا انتظام

5۔ تعلیم الاسلام ہائی سکول، مدرسہ احمدیہ۔ نصرت گرلز ہائی سکول۔ تینوں سکولوں کے لئے مکمل فرنیچر اور پنکھوں کا انتظام

6۔ اعلیٰ تعلیمی وظائف کے لئے ایک بڑی رقم کا انتظام

7۔ مرکزی بیوت الذکر میں پنکھے لگوانے کا خرچ

8۔ بہشتی مقبرہ میں لائٹ لگوانے کا خرچ

9۔ ہندی ترجمۃ القرآن کا سارا خرچ

10۔ مدرسہ احمدیہ کے کچھ طلباء کے لئے وظائف

11۔ خواتین پارک میں بچوں کے لئے کھیلوں کا انتظام

12۔ منارۃ المسیح کی سفیدی کے لئے عطیہ

13۔ لنگر خانہ حضرت مسیح موعود کی تعمیر کا سارا خرچ

14۔ بیت احمدیہ کلکتہ اور مدراس کے لئے گرانقدر عطیہ جات

لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کسی وقت محترم بانی صاحب مرحوم نے حضرت مسیح موعود کے اس الہام پر غور کیا۔

”یہ نان تیرے لئے اور تیرے ساتھ کے درویشوں کے لئے ہیں“۔

چنانچہ ان کی توجہ اس الہام کو ظاہری طور پر پورا کرنے کی طرف مبذول ہوئی اور انہوں نے قادیان کے تمام درویشوں اور ان کے بیوی بچوں کے لئے جن کی تعداد تیرہ صد کے قریب ہے۔ ہر سال چار ماہ کی گندم دینے کا انتظام کیا اور یہ انتظام گزشتہ پندرہ سال سے اسی طرح جاری ہے کہ اعلیٰ کوالٹی کی گندم کی بوریاں ہر درویش کے گھر میں فصل کے وقت پہنچائی جاتی ہیں۔ (یہ سلسلہ برابر جاری ہے)۔ خدمت خلق کے وہ تمام کام جو آپ کیا کرتے تھے۔ وہ اب بھی اسی طرح جاری ہیں اور یہ سب حضرت مصلح موعود کی دعاؤں کے طفیل ہے۔ قادیان سے ان کی محبت کا ایک اور واقعہ پیش خدمت ہے۔ تقسیم ملک کے وقت ہندوستان کی حکومت نے موجودہ محلّہ احمدیہ کو متروکہ املاک قرار دے دیا تھا اور یہ شرط رکھی کہ اگر جماعت سات آٹھ لاکھ کے قریب رقم ادا کردے۔ تو یہ مکانات جماعت کے پاس رہنے دیئے جائیں گے۔ ورنہ یہ مکانات ہندو اور سکھ پناہ گزینوں کو الاٹ کر دیئے جائیں گے۔ اس زمانہ میں اس رقم کی ادائیگی انجمن کے لئے ممکن نہ تھی۔ جب والد صاحب کو اس صورتحال کا علم ہوا ہے تو آپ نے مصمم ارادہ کرلیا کہ اپنی ساری جائیداد فروخت کرکے ان املاک کو غیروں کے قبضہ میں جانے سے روکیں گے، انجمن کا ایک وفد اس وقت کے وزیراعظم پنڈت جواہر لال نہرو سے ملا اور حکومت نے رقم کم کرکے تقریباً اڑھائی لاکھ کردی اور یہ رقم بھی تین اقساط میں لینے پر آمادگی ظاہر کردی۔ اس فیصلہ سے جناب والد صاحب کو بہت خوشی ہوئی اور آپ نے حصول ثواب کی خاطر بہشتی مقبرہ اور اس سے ملحقہ باغ کی پوری قیمت ادا کردی۔

قرآن مجید سے آپ کو عشق تھا۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو نہایت خوبصورت لحن سے نوازا تھا۔ آپ جب صبح فجر کے وقت خوش الحانی سے قرآن پاک کی تلاوت کرتے تو جی چاہتا کہ آدمی سنتا ہی رہے۔ مولوی دلپذیر صاحب کا منظوم پنجابی ترجمہ بڑی لے کے ساتھ پڑھا کرتے تھے۔ اسی طرح درثمین فارسی کی بہت سی نظمیں آپ کو ازبر تھیں۔ خاص طور پر نعتیہ کلام بڑے ترنم سے پڑھتے اور آنکھوں سے آنسو رواں ہوتے۔ آپ نے گورمکھی اور ہندی ترجمۃ القرآن کے لئے رقم قادیان بھجوا دی تھی۔ اسی طرح حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی تحریک پر ایک زبان میں ترجمہ کا پورا خرچ بھی ادا کردیا۔ قرآن پاک کے دو یا تین پارے آپ نے حفظ بھی کئے تھے۔ تقسیم ملک سے قبل حضرت مصلح موعود نے ایک بار بیت مبارک میں دوستوں میں دعا کی تحریک فرمائی کہ ایک دوست نے تفسیر کبیر کی اشاعت کے لئے چھ ہزار عطیہ دیا ہے یہ دوست بھی محترم بانی صاحب مرحوم تھے اور وہ چھ ہزار اس وقت کے لاکھوں سے زیادہ تھا۔ آپ کے بارے میں جتنے دوستوں اور بزرگوں نے اپنے تاثرات کا اظہار کیا ہے۔ اس میں ایک بات مشترک ہے کہ آپ بہت سادہ زندگی گزارتے تھے۔ مال و دولت کے باوجود تکبر اور غرور کا نام ونشان نہ تھا۔ ہر ایک چھوٹے بڑے سے بہت خلوص اور محبت سے ملتے، ہر ملنے والا۔ آپ سے ملنے کے بعد ایک خوشگوار تاثر لے کر جاتا۔

محترم سید غلام ابراہیم صاحب اڑیسہ کی پارادیب بندرگاہ کے قریب واقع جماعت کیندرہ پاڑہ کے صدر تھے۔ آپ نے تحریر فرمایا۔

جلسہ سالانہ قادیان 1964ء کا شبینہ اجلاس بیت اقصیٰ میں جاری تھا۔ خاکسار ایک ستون سے ٹیک لگائے بیٹھا تھا۔ اس وقت ایک بزرگ نے نہایت عاجزی اور انکساری سے مجھے مخاطب کرکے کہا کہ صاحب آپ کو یہ حق ہے کہ اس ستون سے لگ کر بیٹھیں کہ آپ پہلے سے بیٹھے ہیں۔ لیکن میری کمر میں شدید درد ہے۔ اگر آپ اجازت دیں تو میں یہاں بیٹھ جاؤں یہ بزرگ سادہ لباس تھے۔ جس میں امیرانہ ٹھاٹھ نہ تھا۔ فرشتہ خصلت نظر آتے تھے۔ مجھے ان سے تعارف نہ تھا۔ میں صرف آپ کے انکسار سے متاثر ہوا اور آپ کو ٹیک لگانے کے لئے اپنی جگہ چھوڑ دی۔

بعد میں مجھے معلوم ہوا کہ یہ حضرت سیٹھ صاحب تھے جن کی بات میں میں نے فخر وغرور کا شائبہ تک نہیں پایا۔ 1967ء میں اڑیسہ میں ایک زبردست سمندری طوفان آیا اور جماعت احمدیہ کیندرہ پاڑہ اور سدانند پور طوفان سے شدید متاثر ہوئیں۔ حضرت سیٹھ صاحب کو علم ہوا۔ تو نقد امداد کے علاوہ وافر تعداد میں کمبل اور کپڑے وغیرہ سے آپ نے بروقت امداد فرمائی۔

1971ء میں پھر ایک طوفان آیا اور ریڈیو سے علم ہونے پر سیٹھ صاحب نے مربی کلکتہ کے ذریعہ طوفان زدہ احمدیوں کو امداد بھجوائی۔ 1969ء میں فرقہ وارانہ فسادات میں احمدیوں کی دکانیں لوٹ لی گئیں۔ آپ نے ہزاروں ہزار روپے سے ان کی امداد کی۔ آپ کے دیگر احباب سے ایسے مشفقانہ سلوک کا ہمیں علم نہیں۔ لیکن آپ نے ہمیشہ ایسا نمونہ دکھلایا کہ آپ کے لئے ہمارے دل سے دردمندانہ دعا نکلتی ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو غریق رحمت کرے۔

جناب والد صاحب ایک معروف حکایت بار بار سنایا کرتے تھے اور شاید بار بار سنانے کا مقصد یہی تھا کہ یہ حکایت ان کے بچوں کے دلوں میں پختہ ہو جائے۔ ایک امیر شخص بہت زیادہ سخی تھا۔ اس کے مصاحب اسے منع کرتے تھے کہ اس طرح خرچ کرنے سے تمہاری دولت ختم ہو جائے گی۔ آخر اس پر ان کی باتوں کا اثر ہوگیا اور اس نے غربا کی امداد سے ہاتھ کھینچ لیا۔ ایک رات اس نے خواب میں دیکھا کہ کچھ لوگ اس کے خزانہ سے مال و دولت اٹھا کر لے جارہے ہیں اور آن کی آن میں سارا خزانہ خالی ہوگیا۔ ایک کونے میں تھوڑا سا مال انہوں نے چھوڑ دیا۔ دریافت کرنے پر انہوں نے بتایا کہ ہم فرشتے ہیں اور یہ سب مال و دولت دراصل تمہارے پاس غربا کی امانت تھا۔ اب جبکہ تم غربا کی خدمت کرنے سے تھک گئے ہو۔ تو اللہ تعالیٰ نے ہمیں حکم دیا ہے کہ یہ سارا مال کسی دوسرے انسان کے سپرد کیا جائے۔ جو غربا کی خدمت کے لئے تیار ہو۔ تمہارے حصے کا مال چھوٹی سی پوٹلی میں ہم نے تمہارے خزانے میں چھوڑ دیا ہے۔

والد صاحب خود بھی اس حکایت کو سمجھتے تھے اور انہوں نے دیانتداری سے یہ سمجھا کہ جو مال و دولت اللہ تعالیٰ نے انہیں دیا ہے وہ اللہ کی امانت ہے۔ جب تک اللہ تعالیٰ کی راہ میں وہ یہ مال خرچ کرتے رہیں گے۔ اللہ تعالیٰ انہیں نوازتا رہے گا اور یہی سبق وہ اپنے بچوں کو بھی ساری عمر ذہن نشین کرواتے رہے۔

اللہ تعالیٰ نے آپ کو نہایت دردمند دل دیا تھا اور آپ بڑی حساس طبیعت کے مالک تھے۔ دوسرے کی چھوٹی سے چھوٹی تکلیف کا بھی آپ کو شدت سے احساس ہوتا تھا۔ میں نے اکثر دیکھا۔ اگر کوئی یتیم بچہ آپ کے پاس آتا تو اس کی موجودگی میں کبھی اپنے بچوں کو پیار نہیں کرتے تھے۔ تاکہ اسے اپنے باپ کی کمی محسوس نہ ہو۔ جب بھی کوئی ملاقات کے لئے آتا۔ خواہ چھوٹا ہو یا بڑا۔ غریب ہو یا امیر۔ ہمیشہ کھڑے ہو کر بڑی خندہ پیشانی سے استقبال کرتے۔

سید کریم بخش صاحب جو 1969ء سے 1972ء تک کلکتہ کے امیر رہے۔ کہتے ہیں کہ آپ کے بارہ میں اس طویل عرصہ میں میرا یہ تاثر ہے کہ آپ کا خاص انداز گفتگو کا تھا۔ آپ امیر وغریب سے یکساں خندہ پیشانی سے پیش آتے۔ آپ سے گفتگو کرنے میں انسان لطف اندوز ہوتا۔

آپ جہاں رہائش پذیر تھے۔ محلّہ میں ایک درمیانی درجہ کے ہوٹل کے ساتھ آپ نے یہ انتظام کیا کہ ایک معقول رقم دے کر کھانے کے ٹوکن بنوائے۔ آپ بہت سے ٹوکن ہمیشہ جیب میں رکھتے تھے جب بھی کوئی غریب مستحق سوالی آپ کے پاس آتا اسے ٹوکن دے کر ہوٹل کا پتہ بتلا دیتے کہ وہاں سے جا کر کھانا کھالو۔ ایک دفعہ آپ پر بلڈ پریشر کا حملہ ہوا۔ ڈاکٹرز نے ادویہ کے علاوہ صبح کی سیر کا مشورہ دیا۔ منہ اندھیرے سیر پر جاتے ہوئے آپ نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ کی بیشمار مخلوق سردی کے موسم میں کسی چادر یا کمبل کے بغیر فٹ پاتھ پر پڑی ہے۔ سیر سے واپس آکر اسی دن کمبلوں کی مارکیٹ سے درمیانہ درجہ کے کمبل خریدے اور دوسرے روز منہ اندھیرے نہایت رازداری کے ساتھ ان سوئے ہوئے لوگوں پر کمبل ڈالتے چلے گئے۔

مولوی عبدالحق فضل صاحب بہار میں مربی سلسلہ تھے۔ انہوں نے اپنے خط میں لکھا۔ مرحوم کے ایک واقعہ نے میرے دل پر بہت اثر کیا اور میں اسے کبھی بھول نہیں سکتا۔ ایک دفعہ بہار میں سخت قحط پڑ گیا۔ میں وہاں مربی تھا۔ بدر میں دورہ کی رپورٹ میں چند جملے اس نیت سے لکھے کہ شاید کسی مخیّر دوست کی نگاہ پڑ جائے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہمارے بہار کے احمدی اکثر خوشحال ہیں۔ لیکن بعض خاندان ایسے ضرور ہیں۔ جو قحط سے متاثر ہوئے ہیں اور امداد کے مستحق ہیں۔ حضرت سیٹھ صاحب کی نگاہ ان جملوں پر پڑ گئی۔ چند روز بعد حضرت صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب کے توسط سے سیٹھ صاحب کی چٹھی ملی کہ مستحق خاندانوں کے کوائف بھجوائیں۔ خاکسار نے کوائف بھجوا دیئے۔ حضرت سیٹھ صاحب نے ان کو براہ راست کپڑوں کے پارسل اور نقد رقم بھی بھجوا دی اور اس کے بعد سالہا سال تک وظائف جاری فرمائے، بعدازاں جلسہ سالانہ پر ملاقات ہوئی قبل اس کے کہ میں شکریہ ادا کرتا۔ سیٹھ صاحب نے میرا شکریہ ادا کیا کہ آپ نے مجھے ایک نیک کام کی طرف توجہ دلائی۔

کلکتہ میں ہمارا آٹو پارٹس کا کاروبار تھا۔ ہماری دکان کلکتہ میں آٹو پارٹس کی واحد دکان تھی۔ بقیہ سب دکانیں ہندو اور سکھوں کی تھیں۔ خریداروں کی اکثریت بھی ہندو اور سکھ ہی تھے۔ والد صاحب کی سختی سے ہدایت تھی کہ امانت اور دیانت کے اصولوں پر سختی سے عمل کیا جائے اور آجکل کے کاروباری ہتھکنڈوں سے کلی پرہیز کی جائے۔ اس کا نتیجہ تھا کہ مذہبی تعصب کے باوجود سب خریدار ہماری دکان سے سامان خریدنا پسند کرتے تھے۔ ہمارے سٹاف کو دن بھر بات کرنے

کی فرصت نہیں ہوتی تھی۔ جبکہ باقی دکاندار خالی بیٹھے ہوتے تھے اور یہ صرف اس وجہ سے تھا کہ جناب والد صاحب کاروباری چالاکی کی بجائے صرف اللہ تعالیٰ کے فضلوں پر بھروسہ کرتے تھے۔

آپ کو اللہ تعالیٰ نے بہت اچھا ذہن عطا فرمایا تھا۔ آپ کلکتہ جماعت کے قاضی تھے۔ انگریزی حکومت میں جیوری سسٹم ہوا کرتا تھا۔ آپ اپنے علاقہ میں جیوری کے ممبر تھے اور آنریری مجسٹریٹ بھی تھے۔ چنیوٹ برادری کے بیشتر احباب ملکی تقسیم سے پہلے کلکتہ میں ہی کاروبار کرتے تھے۔ یہ لوگ زیادہ تر غیراز جماعت تھے۔ لیکن جناب والد صاحب کے فیصلوں پر اس حد تک اعتماد تھا کہ جب بھی کوئی کاروباری اختلاف یا جھگڑا ہوتا۔ تو فیصلے کے لئے والد صاحب کی خدمت میں حاضر ہوتے اور آپ کا فیصلہ سب کے لئے قابل قبول ہوتا۔

اللہ تعالیٰ نے 1971ء میں جناب والد صاحب اور والدہ صاحب کو حج کی سعادت سے سرفراز کیا۔ دونوں کی خدمت کے طفیل خاکسار کو بھی یہ سعادت نصیب ہوئی۔ حج کرنے پر آپ بہت خوش تھے۔ کیونکہ یہ آپ کی دیرینہ خواہش تھی۔ جو اللہ تعالیٰ نے عمر کے آخری حصہ میں پوری کردی۔

1972ء میں بیت اقصیٰ کا افتتاح ہوا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے خاص طور پر آپ کو ربوہ بلوایا۔ آپ شروع سے ہی اس بات کے خواہش مند تھے کہ کسی کو اس بارہ میں علم نہ ہو۔ لیکن چھپانے کے باوجود یہ بات باہر آ گئی۔ حالانکہ جناب والد صاحب ہمیشہ سراً والے پہلو پر عمل کرنے کے قائل تھے اور ہمیشہ اپنے خدمت خلق کے تمام کاموں کو چھپانے کی کوشش کرتے تھے۔

مکرم مولوی محمد حفیظ صاحب بقاپوری، درویش، سابق ایڈیٹر بدر، قادیان لکھتے ہیں۔ ایک ربع صدی سے زیادہ عرصہ تک اخبار بدر کی خدمت کرتے ہوئے مجھے آپ کی اس نمایاں وصف کا علم ہوا تھا کہ آپ کسی بھی مالی خدمت کو اخبار میں شائع کرانے کے حق میں نہیں تھے اور ادارہ بدر کو آپ نے تاکید کر رکھی تھی کہ کسی بھی ایسے اعلان میں میرا نام قطعاً شائع نہ کیا جائے۔ حالانکہ بعض ایسے افراد ہوتے ہیں کہ معمولی سی رقم دے کر ان کی خواہش ہوتی ہے کہ بطور خاص ان کا نام اخبار میں شائع ہو۔ حضرت مرحوم کی بعض ایسی قربانیوں کے بارہ میں دل یہی چاہتا کہ ان کا ذکر کسی رنگ میں اخبار میں کیا جائے لیکن حضرت صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب نے کبھی اس کی اجازت نہ دی اور ہمیشہ حضرت سیٹھ صاحب کی حتمی تاکید یاد دلاتے۔ بلاشبہ دنیا میں تو آپ نے اپنی صدہا نیکیوں کی اشاعت نہیں کروائی۔ لیکن آپ کے نامہ اعمال میں ان کا اندراج ضرور ہو چکا اور آپ عنداللہ ان کا بہترین اجر پا رہے ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ ہر آن آپ کے درجات بلند فرماتا رہے، حضرت سیٹھ محمد صدیق صاحب بانی کا وجود ایسا نہیں جو کسی وقت بھی بھلایا جاسکے۔ باوجود امیر کبیر ہونے کے غریب المزاج سادہ طبیعت رکھتے تھے نہ امیروں جیسی رعونت، نہ اپنے پیسے کا نشہ، بلکہ آپ شیریں ثمرات سے لدی ہوئی اس ٹہنی کی مانند جس پر جس قدر زیادہ پھل ہوتا ہے۔ اسی قدر وہ زیادہ جھک جاتی ہے۔ یہ آپ کی تواضع اور سچی انکساری کی ناقابل فراموش کیفیت تھی۔ نہایت درجہ خلیق، پرلے درجہ کے غریب پرور، ہمدرد انسانیت، درویشان قادیان کے تو ایسے مونس و غمخوار بھائی تھے کہ آخری دم تک اس حسین سیرت کا مجسمہ بنے رہے۔

مئی 1974ء میں آپ کراچی میں شدید بیمار ہو گئے۔ ڈاکٹروں نے کینسر تشخیص کی۔ جب تک سانس رہی۔ آپ نے اس موذی مرض کا بڑی ہمت سے مقابلہ کیا اور کبھی بھی زیادہ تکلیف کا اظہار نہیں کیا۔ بڑے صبر اور سکون سے بیماری کی تکلیف برداشت کرتے رہے۔ بالآخر اللہ تعالیٰ کی تقدیر غالب آئی اور 20 دسمبر 1974ء بروز جمعہ آپ وفات پا گئے۔ آپ اللہ تعالیٰ کے فضل سے موصی تھے اور اپنی زندگی میں ہی حصہ جائیداد اور حصہ آمد سب ادا کر چکے تھے۔

خاکسار آپ کا جنازہ لے کر بذریعہ ہوائی جہاز اسی روز رات کو ربوہ پہنچا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے ازراہ شفقت قطعہ مبشرین میں تدفین کے لئے ارشاد فرمایا۔ قبر تیار ہونے پر حضرت صاحبزادہ مرزا طاہر احمد صاحب (خلیفۃ المسیح الرابع) نے دعا کروائی۔

آپ زندگی بھر اپنی اولاد کو خدمت خلق کی تلقین فرماتے رہے اور اپنے عملی نمونہ سے راہنمائی فرماتے رہے۔ وفات سے پہلے خاص طور پر خاکسار کو تلقین کی کہ جس طرح میں نے اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق سے خدمت خلق کے کام کرنے کی کوشش کی ہے تم ان سب کاموں کو جاری رکھنا۔ کیونکہ انسان کی زندگی کا اصل مقصد یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کی جائے اور اس کی مخلوق کی بے لوث خدمت کی جائے۔

ان کی وفات پر 34 سال کا عرصہ گزر چکا ہے لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کی نیک نیت اور خلوص کو ضائع نہیں کیا۔ ان کی اولاد کو اللہ تعالیٰ نے توفیق دی کہ وہ ان کے چھوڑے ہوئے مال کو اللہ کی راہ میں خرچ کریں اور اللہ تعالیٰ نے جناب والد صاحب مرحوم کی نیت کے مطابق بہت برکتوں اور فضلوں سے نوازا۔

بیگم زبیدہ بانی ونگ ان کی ایک بہترین یادگار ہے۔ طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ میں گرانقدر خدمت کی توفیق بھی جناب والد صاحب کے طفیل ملی۔ اسی طرح کراچی کے آنکھوں کے احمدیہ ہسپتال میں صدیق بانی ونگ اور بیگم زبیدہ بانی ونگ خدمت خلق کے کاموں میں مصروف ہیں۔ مٹھی تھرپارکر کے المہدی ہسپتال میں صدیق بانی آئی یونٹ اس علاقہ کے لوگوں کی خدمت کر رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ یہ ساری خدمات قبول فرمائے اور میرے والدین کے درجات بلند فرماتا چلا جائے اور ہمیں ہمیشہ اپنے بزرگ والدین کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق دے۔ آمین

☆......☆......☆

ماخوذ

گوگل ڈاٹ کام کی کہانی

کیلی فورنیا کی شین فورڈ یونیورسٹی کے دو 24 سالہ طالب علموں لیری پیج اور سرگئی برن نے آج سے تقریباً 11 سال قبل ایک ویب سائٹ کا نام رجسٹر کروایا تھا اور اس ویب سائٹ کا نام تھا گوگل ڈاٹ کام۔ ان دونوں طالب علموں کے دوران تعلیم ہی ارادے بلند و بانگ تھے لیکن ان کو یہ اندازہ نہ تھا کہ ویب سائٹ رجسٹر کروانے کا یہ لمحہ کمپیوٹر کی تاریخ میں ایک یادگار لمحہ بن جائے گا۔ گوگل ریاضی کی ایک اصطلاح گوگل Googol سے ماخوذ ہے جس کے اصطلاحی معانی ایک بہت بڑی رقم کے ہیں۔ ایک ایسی رقم جس کو لکھنے کے بعد ایک سو صفر لگانے پڑتے ہیں یعنی یہ اتنی بڑی رقم بن جاتی ہے کہ جس کو احاطہ خیال میں لانا تقریباً ناممکن ہے صرف اس رقم کو تخیل میں لایا جاسکتا ہے۔

اس قدر لکھا جا سکتا ہے کہ اگر تمام کائنات کے ذرے بھی ایٹم بھی اگر حاصل کر لئے جائیں تو شاید اتنی بڑی رقم نہ بن سکے۔ گوگل ڈاٹ کام نے معرض وجود میں آنے کے بعد دس برسوں میں اس قدر ترقی کی منازل طے کر لی ہیں جس کا تصور شاید اس کے خالقوں نے بھی نہ کیا ہوگا۔ گوگل ڈاٹ کام اس وقت علم، فن، تفریح، موسیقی، معلومات کا ایک ایسا ذخیرہ ہے کہ جو اس کے استعمال کنندہ کے لئے ایک نعمت سے کم نہیں اور اگر اس ذخیرہ کی وسعت کا اندازہ لگانا شروع کر دیا جائے تو انسانی ذہن چکرا جائے۔ قصہ مختصر گوگل ڈاٹ کام کے اندر اربوں الیکٹرانک صفحات، تصویریں، وڈیوز، خبریں، ای میلز، نقشے، کتابیں اور دوسری اشیاء موجود ہیں کہ شاید ہی کوئی انسان ان تمام ذخائر کا استعمال کر سکا ہو۔ ان ذخائر میں ہر لمحے مزید اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔

لیری پیج اور سرگئی برن نے گوگل ڈاٹ کام ویب سائٹ کا نام یوں تو ماہ ستمبر 1997ء کو خرید لیا تھا مگر اس سرچ انجن کو باقاعدہ ہوتے ہوئے تقریباً ایک سال کا عرصہ لگ گیا تھا۔ اس زمانے میں انٹرنیٹ پر یوں تو کئی سرچ انجن موجود تھے مثلاً یاہو، آکسائٹ، الٹاوسٹا مگر گوگل ڈاٹ کام کے پاس تین خوبیاں ان تمام سرچ انجنوں سے امتیازی حیثیت کی تھیں اور وہ تین خوبیاں مندرجہ ذیل ہیں: 1۔ برجستگی۔ 2۔ برق رفتاری اور 3۔ سادگی۔

ان خوبیوں کا واضح ادراک انٹرنیٹ استعمال کرنے والوں کو تب ہوتا ہے جب وہ کسی دوسرے سرچ انجن کو کھولے تو ہر طرف لنک تصویریں خبریں اور بے جا اشتہارات کی بھرمار ذہن کو پریشان کر دیتی ہے جبکہ گوگل ڈاٹ کام کی سادگی اور پھر برق رفتاری نے اپنے استعمال کرنے والوں کو گرویدہ بنا لیا ہے اور اب گوگل ڈاٹ کام کو استعمال کرنے والا شاذ و نادر ہی کوئی دوسرا سرچ انجن استعمال کرتا ہے۔ اس کی ایک بڑی وجہ اس میں سرچ کے نتائج دوسرے سرچ انجنوں سے زیادہ واضح اور بامعنی ہوتے ہیں۔ اس مقصد کے حصول کے لئے روزانہ لاکھوں، کروڑوں بلکہ اربوں لوگ گوگل ڈاٹ کام کو استعمال کرتے ہیں ایک سروے کے مطابق تقریباً 56 کروڑ لوگ گوگل کی ویب سائیٹ روزانہ استعمال کر رہے ہیں۔

کیلی فورنیا کی مشین فورڈ یونیورسٹی کے طالب علموں لیری پیج اور سرگئی برن جو کاروبار اپنے گھر کی گیرج سے شروع کیا تھا اب اس فرم (ادارے) کے ملازمین کی تعداد 13 ہزار سات سے تجاوز کر چکی ہے۔ برن اور پیج کے ذاتی اکاؤنٹ میں اس وقت 16 ارب ڈالر جمع ہو چکے ہیں۔

گوگل اپنے ملازمین کو بھاری تنخواہیں اور سہولیات دینے کے لئے دنیا بھر میں مشہور ہے اس کے علاوہ گوگل اپنے ملازمین کو 20 فیصد وقت کمپنی کے لئے نئے نئے آئیڈیاز سوچنے میں صرف کرنے کو کہتا اور دیتا ہے۔ لہٰذا 2000ء میں جب گوگل نے الفاظ کے ساتھ ننھی اشتہار بیچنا شروع کئے تو یہ ایسی اختراع تھی جس کی طرف دوسری کمپنیوں کا ذہن نہیں گیا تھا اور جب 2004ء میں گوگل سٹاک ایکسچینج پر پہلی مرتبہ آیا تو اس کے حصص کی قیمت 85 ڈالر فی حصہ مقرر ہوئی تھی 2004ء میں گوگل کے سٹاک کی کل مالیت 16 کروڑ 40 لاکھ ڈالر تھی جو صرف دو برس کے اندر بڑھ کر 13 ارب 40 لاکھ ڈالر تک پہنچ چکی ہے۔

2006ء میں گوگل نے یوٹیوب کو ڈیڑھ ارب ڈالر کی خطیر رقم دے کر خرید لیا جس کے بعد گوگل دنیا کی سب سے مقبول ویڈیو تقسیم کرنے والی سائٹ کا مالک بن چکا ہے گوگل کا ایک اور زبردست منصوبہ گوگل پرنٹ ہے جس کے تحت گوگل لاکھوں کتابوں کو انٹرنیٹ پر مفت فراہم کرنے کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ واضح رہے کہ گوگل کی سب سے اہم خصوصیت یہ ہے کہ وہ اپنی تمام خدمات مفت فراہم کرتا ہے اور اپنا منافع اشتہاروں سے کماتا ہے۔ گوگل ڈاٹ کام اب صرف ایک سرچ انجن تک محدود نہیں رہا بلکہ یہ اپنے استعمال کرنے والوں کو جی میل کے نام سے مفت ای میل کی سہولت فراہم کرتا ہے اور اس کے ساتھ دنیا بھر کے نقشوں پر مشتمل ویب سائٹ، خبریں تلاش، تصویریں ایڈٹ کرنے اور دیگر کئی ایک سہولتوں کے علاوہ گوگل ورڈ، گوگل سپریڈ شیٹ وغیرہ بھی فراہم کر رہا ہے۔

(باقی صفحہ 6 پر)

محترم مبارک احمد ملک صاحب .... مترجم: مکرم راجا نصر اللہ خان صاحب

حضرت مرزا مظفر احمد صاحب کی دلآویز شخصیت

آپ کے دور میں جماعت احمدیہ امریکہ نے غیر معمولی مالی ترقی کی

نوٹ:۔ جماعت احمدیہ امریکہ نے جون 2003ء میں اپنے مجلّہ احمدیہ گزٹ کا خصوصی شمارہ شائع کیا جس میں متعدد اہل علم وقلم نے حضرت صاحبزادہ مرزا مظفر احمد صاحب (پیدائش 28 فروری 1913ء وفات 23 جولائی 2002ء) کی دلنواز شخصیت اور کامگار زندگی اور بے شمار خدمت کا بھرپور تذکرہ کیا ہے۔ متذکرہ شمارہ میں شامل جماعت احمدیہ امریکہ کے سابق نیشنل سیکرٹری مال محترم مبارک احمد ملک مقیم میری لینڈ۔ یو۔ایس۔اے کے اس مفید اور دلچسپ مضمون کا ترجمہ قارئین الفضل کے لئے پیش کیا جاتا ہے:۔

حضرت صاحبزادہ مرزا مظفر احمد صاحب جو تیرہ برس (2002۔ 1989ء) تک جماعت احمدیہ امریکہ کے امیر کے طور پر خدمات انجام دیتے رہے، 22 جولائی 2002ء کو انتقال کر گئے۔ حضرت امیر صاحب کو جماعت احمدیہ میں محبت کے طور پر ''میاں صاحب'' کے نام سے پکارا جاتا تھا۔

مجھے جماعت امریکہ کے نیشنل سیکرٹری مال کے طور پر خدمت انجام دینے کے سبب مختلف مواقع پر حضرت میاں صاحب کے ساتھ خاصا وقت گزارنے کی سعادت حاصل رہی۔

اپنے ذاتی مشاہدات و تجربات کی بنا پر میں حضرت میاں صاحب کی چند درخشندہ صفات کا ذکر کروں گا جن سے اللہ تعالیٰ نے آپ کو نوازا تھا۔

خلافت کی اطاعت

حضرت میاں صاحب کی سب سے نمایاں صفت خلافت کی اطاعت تھی۔ اگر کسی نے اطاعت کا سبق سیکھنا ہو تو میاں صاحب سے سیکھے۔ جماعت میں ان کے مقام اور بطور امیر، نیز حضرت مسیح موعود کے پوتا ہونے کے باوجود وہ جماعت کے کسی بھی معاملہ میں خواہ وہ کتنا چھوٹا ہو حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی منظوری کے بغیر ایک قدم بھی نہیں اٹھاتے تھے۔

جماعتی اخراجات میں احتیاط

ان کی دوسری خصوصیت جماعتی پیسہ کے خرچ کرنے کے سلسلہ میں ایک مقدس ذمہ داری کا احساس تھا۔ وہ ہمیشہ یہ نصیحت فرماتے تھے کہ ہمیں جماعتی روپے پیسے کی اپنے مال سے زیادہ حفاظت کرنی چاہئے اور اس سلسلہ میں انہوں نے بڑی ٹھوس اور زندہ مثالیں قائم کی ہیں۔ ان کے جماعت احمدیہ امریکہ کے امیر مقرر ہونے کے ابتدائی دنوں کی بات ہے کہ وہ اپنا ذاتی ٹیلی فون جماعتی کاموں کے لئے بڑی کثرت سے استعمال کیا کرتے تھے۔ بعد میں انہوں نے نیشنل عاملہ کے اصرار پر بادل نخواستہ اپنی رہائش گاہ پر جماعت کے استعمال کے لئے الگ ٹیلیفون لگوانے اور جماعت کی طرف سے اس کے اخراجات کی ادائیگی کرنے سے اتفاق کیا۔ ایک بار انہوں نے غیر ارادی طور پر جماعت کے ٹیلی فون سے کچھ ذاتی Calls کر لیں۔ تب انہوں نے ان Calls کو بل سے الگ کرنے کی دقت اٹھائی اور ان Calls کے لئے جماعت کو معذرت کے ساتھ ذاتی چیک پیش کیا۔

ضرورت مندوں کا خیال

ان کی ایک اور نمایاں صفت جماعت کے ضرورت مندوں کا خصوصی خیال رکھنا تھا۔ وہ ان کی طرف سے طلب کئے بغیر ہی ہمیشہ از خود ان کی مالی معاونت فرماتے تھے۔ وہ جماعت کے افریقی امریکنوں کی ضروریات کا خصوصی خیال کرتے تھے وہ ایک زبردست منتظم اور ماہر منصوبہ بندی تھے۔ وہ کسی معاملہ کی تہہ تک پہنچ جانے کی خصوصی دسترس رکھتے تھے۔ پھر اس کا تجزیہ پیش کرتے اور پھر اپنا فیصلہ دیتے جو دلیل اور منطق پر مبنی ہوتا تھا۔

خدام سے محبت

جب انہیں جماعتی کاموں اور جماعت کی بہتری اور ترقی کے لئے اپنے جماعتی مشیروں اور عاملہ کے اراکین کے ساتھ بیت الرحمٰن میں لمبے اجلاسات کے لئے وقت دینا پڑتا تو وہ اپنا دوپہر کا کھانا ساتھ لے آتے۔ جب وہ اپنا کھانا شروع کرتے تو سارا پھل وہاں پر موجود ساتھیوں میں تقسیم فرما دیتے۔ حتیٰ کہ اپنا کھانے کا سینڈوچ بھی نصف بانٹ دیتے۔ یہ منظر دوستوں کے لئے بہت رقت آمیز ہوتا اور ساتھ ہی یہ حسن سلوک حضرت میاں صاحب کی اپنے رضاکاروں کے لئے محبت اور احساس کو بھی ظاہر کرتا ہے۔

مالی ترقی

دو مواقع پر ان کا چہرہ خوشی سے کھل اٹھتا یعنی اس وقت جبکہ میں حضرت میاں صاحب کی خدمت میں سالانہ بجٹ کے اعداد و شمار اور پھر مالی سال کے آخر پر جمع شدہ چندہ کے اعداد و شمار پیش کرتا۔ جماعت کی مالی ترقی ان کی حقیقی خوشی کا باعث بنتی اور وہ حضور انور کی خدمت میں جماعت کی کامیابیوں کی رپورٹ اس والہانہ طریق سے پیش کرتے کہ حضور کو بھی بے حد خوشی ہوتی۔ حضرت میاں صاحب کے تیرہ سالہ دور امارت میں جماعت احمدیہ امریکہ کا بجٹ تیرہ لاکھ ستاون ہزار ڈالر سے بڑھ کر اسی لاکھ ستر ہزار ڈالر کے قریب پہنچ گیا یعنی اس میں 538 فیصد اضافہ ہوا۔

حضور انور کا اظہار خوشنودی

ہم جانتے ہیں کہ بے شمار مواقع پر حضور انور نے محترم میاں صاحب کی قیادت اور خاص طور پر جماعت امریکہ کے مالی نظام کو مضبوط بنیادوں پر قائم کرنے اور اس کے نتیجہ میں جماعت کو کامیابی و ترقی حاصل ہونے کی تعریف فرمائی ہے۔ 27/ اپریل 1997ء کو شوریٰ کے آخری دن حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے بکمال شفقت جماعت احمدیہ امریکہ کی چودھویں مجلس شوریٰ میں بذریعہ ایم ٹی اے شرکت فرمائی۔ یہ حضور انور کا دلوں کو گرما دینے والا خطاب تھا۔ جو MTA انٹرنیشنل کے ذریعہ لندن سے Live نشر ہوا۔ حضور انور کے خطاب کا مندرجہ ذیل اقتباس حضرت میاں صاحب کے دور امارت میں جماعت احمدیہ کو نصیب ہونے والی مالی ترقی اور جماعتی خدمات کے لئے ان کے ایثار وانہماک کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

نوٹ:۔ اب انگریزی عبارت کا مفہوم خاکسار مترجم بیان کرتا ہے:۔

حضور انور نے ارشاد فرمایا

''میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ میں جماعت احمدیہ امریکہ کی ترقی سے بہت خوش ہوں میں نے یہ بات خاص طور پر نوٹ کی ہے کہ ایم۔ ایم۔ احمد نے کس طرح آپ کو مشکل حالات سے قابلیت کے ساتھ نکال کر ترقی کی روز افزوں منازل کی طرف گامزن کر دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے مال کے شعبہ میں آپ نے کمال کر دکھایا ہے۔ پس اگرچہ ستائش کا رخ ایم۔ ایم۔ احمد کی طرف دکھائی دیتا ہے۔ لیکن وہ آپ کے بھرپور اور محبت بھرے تعاون جس میں آپ نے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی کے بغیر یہ سب کچھ حاصل نہیں کر سکتے تھے اور یہ اللہ تعالیٰ کا کرم ہے کہ جو ایک امیر ایک ملک کی رہنمائی کر رہا ہے اس کے ساتھ پوری طرح تعاون کیا جا رہا ہے۔ اس کی پوری طرح فرمانبرداری کی جا رہی ہے۔

فرمانبرداری کسی رسمی مفہوم کے ساتھ نہیں بلکہ گہری تکریم اور محبت کے جذبہ کے ساتھ۔ جس شرح کے ساتھ آپ کا باقاعدہ چندہ بڑھ رہا ہے بہت حیران کن ہے اور جو اعداد و شمار انہوں نے مجھے بتائے ہیں ان سے ذہن ورطۂ حیرت میں آ جاتا ہے۔ گزشتہ سال آپ نے سابقہ سالوں کی نسبت ایک خاص پیش قدمی کی تھی لیکن اس سال آپ نے نہ صرف بڑھوتری کی طرف قدم جاری رکھا ہے بلکہ اس میں اضافہ بھی کیا ہے۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ یہ ایک طرح کی تیز رفتاری (اسراع) کی کیفیت ہے جس میں آپ داخل ہو گئے ہیں۔ پس اللہ آپ کو برکت عطا کرے اور اللہ آپ کی مالی حالت میں بھی برکت عطا فرمائے۔ اللہ کی خاطر قربانیوں کی اس رفتار کو جاری رکھیں۔ اس کے ساتھ میں آپ سے اجازت چاہتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ سب کو اپنی رحمت سے نوازے۔ سب کو میری طرف سے السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، میں اپنے تصور کی آنکھ سے آپ سب کو دیکھ سکتا ہوں۔ میری نگاہ تخیل میں ہے کہ آپ سب میری بات پورے انہماک سے سن رہے ہیں اور میرے تصور میں ایم۔ ایم احمد کا خوشی اور اطمینان سے دمکتا ہوا چہرہ ہے اور میں اپنے آپ کو جذبات اور تشکر سے لبریز محسوس کرتا ہوں۔''

میں حضرت میاں صاحب کی جدائی کا بہت غم محسوس کرتا ہوں اور ان کی مغفرت اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام کے لئے دعا گو ہوں۔ میں نے حضرت میاں صاحب سے بہت کچھ سیکھا ہے اور اس عنایت پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں۔

مندرجہ بالا مضمون میں حضرت میاں صاحب کے اوصاف جمیلہ پڑھ کر جناب عبدالسلام سلام صاحب کے یہ اشعار یاد آتے ہیں۔

لاجَرم تھا ماھر الاقتصاد
تھی معیشت جس کو از بر چل بسا
اِس کا جامِ مرگ ہے جامِ حیات
زندۂ جاوید ہو کر چل بسا

(بقیہ صفحہ 5)

گوگل نے جس قدر ترقی کی ہے اس قدر ہی زیادہ استعمال کرنے والوں کو زیادہ سہولتیں فراہم کی ہے اور یوں گوگل نے دنیا بھر کے انسانوں کو صرف دس سال کے محدود عرصہ میں جس قدر متاثر کیا ہے اس کی مثال خال خال ہی ملتی ہے۔

الفضل خرید کر مطالعہ کریں

ترقی یافتہ ذرائع ابلاغ اور نشر و اشاعت کے اس دور میں دنیا کی اقوام اور ممالک کے حالات و واقعات سے آگاہ رہنے اور ہر قسم کی معلومات حاصل کرنے میں بہت آسانی پیدا ہو گئی ہے۔ مادی ترقیات کی طرف بھاگتی اس دنیا میں لاتعداد اخبارات و رسائل اور دیگر ذرائع ابلاغ موجود ہیں۔ لیکن روزنامہ الفضل ان سب میں منفرد و ممتاز حیثیت رکھتا ہے۔ جس کا اولین مقصد احباب جماعت کی دینی، تربیتی، تعلیمی اور اخلاقی پیاس کو بجھانا ہے یہ ایک ایسی روحانی نہر ہے جس سے ہر چھوٹا، بڑا، مرد اور عورت یکساں سیراب ہوتا ہے۔ اس لئے آپ نہ صرف خود اس کا مطالعہ کریں بلکہ اپنے قرب و جوار میں رہنے والے احمدی احباب کو بھی خرید کر پڑھنے کی ترغیب دیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کے ساتھ ہو۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جا رہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 87183 میں

Fauziatunnisa

بنت Syawal Achmodi پیشہ طالب علم عمر 19 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07-9-10 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ -/RP200000 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامۃ Fauziatunnisa گواہ شد نمبر 1 Syawal Achmadi گواہ شد نمبر 2 Wahya Hen

مسل نمبر 87184 میں

Yusenettyynas

زوجہ Syam su Riaz پیشہ ملازمت عمر 35 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07-11-8 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1طلائی زیور 5 گرام مالیتی -/RP2600000 بشمول حق مہر ادا شدہ بصورت زیور۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP1350000 ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامۃ Yusenettyynas گواہ شد نمبر 1 مبارک احمد وصیت نمبر 32897 گواہ شد نمبر 2 Syam Surizal

مسل نمبر 87185 میں Suwondo

ولد Sariman پیشہ کاروبار عمر 36 سال بیعت 1998ء ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 7-8-31 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ زمین برقبہ 10000 مربع میٹر مالیتی -/RP50000000۔ 2۔ مکان برقبہ 800 مربع میٹر مالیتی -/RP50000000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP2000000 ماہوار بصورت کاروبار مل رہے ہیں۔ اور ماہوار مبلغ -/1500000 روپے سالانہ آمد از جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Suwondo گواہ شد نمبر 1 Ilham گواہ شد نمبر 2 Zainal.A

مسل نمبر 87186 میں

Ir Agusdwija Tmiko

ولد Slamet Warnadi پیشہ کاروبار عمر 43 سال بیعت 1979ء ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07-9-30 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ زمین برقبہ 210 مربع میٹر مالیتی -/RP21630000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP1000000 ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔

العبد Ir Agusdwija Tmiko

گواہ شد نمبر 1 Rahmat Nur

گواہ شد نمبر 2 Edi Murwanto

مسل نمبر 87187 میں Idmasudah

زوجہ Aziz Adly پیشہ خانہ داری عمر 61 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07-7-19 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے 1۔ طلائی زیور 40 گرام مالیتی -/RP7680000۔ 2۔ حق مہر ادا شدہ -/RP10000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP500000 ماہوار بصورت پنشن مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامۃ Idmasudah گواہ شد نمبر 1 مبارک احمد گواہ شد نمبر 2 Aziz Adly

مسل نمبر 87188 میں Halimah

بیوہ Sukatma پیشہ فارمر عمر 52 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07-11-21 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ زمین برقبہ 10500 مربع میٹر مالیتی -/RP40000000۔ 2۔ ربڑ اسٹیٹ برقبہ 20000 مربع میٹر مالیتی -/RP20000000۔ 3۔ زمین برقبہ 130 مربع میٹر مالیتی -/RP3000000۔ 4۔ مکان برقبہ 54 مربع میٹر مالیتی -/RP10000000۔ 5۔ حق مہر ادا شدہ -/RP200000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP800000 ماہوار بصورت Trade مل رہے ہیں۔ اور مبلغ -/RP7200000 سالانہ آمد از جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتی ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن پاکستان ربوہ کو ادا کرتی رہوں گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامۃ Halimah گواہ شد نمبر 1 Usep Ahmadi

گواہ شد نمبر 2 suparman

مسل نمبر 87189 میں Syawal

